۳۹واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعرات 19 جولائی 2012

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

بابت

# محکمہ سکولز ایجوکیشن

## پی پی 143، 144 میں پرائیویٹ سکولز کی تعداد و دیگر تفصیلات

*2062: محترمہ راحیلہ خادم حسین: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) حلقہ پی پی 143 اور 144 میں کتنے پرائیویٹ سکولز ہیں جن کی محکمہ تعلیم کے پاس رجسٹریشن موجود ہے، انکے ناموں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) مذکورہ حلقہ میں کتنے ایسے پرائیویٹ سکولز ہیں جن کی سال 2008 تک رجسٹریشن نہیں ہوئی اور کیوں وجوہات بیان کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 27 اکتوبر 2008 تاریخ ترسیل 05 دسمبر 2008)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) حلقہ پی پی 143، 144 میں 228 سکول ہیں، جن کی رجسٹریشن محکمہ تعلیم کے پاس موجود ہے ان کے ناموں کی مکمل تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) مذکورہ حلقہ میں 38 سکول ایسے ہیں جو کہ رجسٹرڈ تو ہیں لیکن ان کی رجسٹریشن 2008 تک نہیں ہوئی۔ ایسے اداروں کو رجسٹریشن میں توسیع کے لئے دفتر ہذا کی طرف سے جاری کردہ نوٹس نمبری (Acad) A.D./319 مورخہ 07-01-2011 کے تحت یاددھانی کرادی گئی ہے۔ (لسٹ کی کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)

(تاریخ وصولی جواب 5 نومبر 2011)

## ٹاؤن شپ لاہور سکولز کی تعداد و دیگر تفصیلات

***2234: محترمہ راحیلہ خادم حسین: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔**

(الف) ٹاؤن شپ لاہور میں لڑکوں کے کتنے ہائی سکولز ہیں یہ سکولز کہاں کہاں واقع ہیں؟

(ب) ٹاؤن شپ لاہور میں لڑکیوں کے کتنے ہائی سکولز ہیں، یہ سکولز کہاں کہاں واقع ہیں؟

(ج) ٹاؤن شپ لاہور میں پائے جانے والے سکولز میں کل کتنا سٹاف ہے؟

(تاریخ وصولی 21 نومبر 2008 تاریخ ترسیل 13 جنوری 2009)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ٹاؤن شپ لاہور میں لڑکوں کے 4 سکولز ہیں۔

1۔ گورنمنٹ ہائی سکول ٹاؤن شپ لاہور 2۔ گورنمنٹ ہائی سکول 13 بلاک ٹاؤن شپ لاہور 3۔ گورنمنٹ نیا مدرسہ ہائی سکول سیکٹر D-1 ٹاؤن شپ لاہور 4۔ سی ڈی جی ایل ہائی سکول ٹاؤن شپ لاہور

(ب) ٹاؤن شپ لاہور میں لڑکیوں کے 4 سکولز ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے:۔

1۔ گورنمنٹ تہذیب البنات ہائی سکول ٹاؤن شپ لاہور 2۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بلاک 2 سیکٹر D-1 ٹاؤن شپ لاہور 3۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ٹاؤن شپ لاہور 4۔ گورنمنٹ پریکٹسنگ گرلز ہائی سکول ٹاؤن شپ لاہور

(ج) ٹاؤن شپ لاہور میں پائے جانے والے سکولز میں اساتذہ کی کل تعداد 301 ہے نان ٹیچنگ سٹاف کی تعداد 57 ہے۔ کل سٹاف کی تعداد 358 ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 5 نومبر 2011)

لاہور۔ ملازمین درجہ چہارم محکمہ تعلیم کی ترقی کا مسئلہ

***3866: جناب محمد نوید انجم: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔**

(الف) کیایہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم کے دفاتر ہال روڈ لاہور میں جولائی 2008 کے دوران ملازمین درجہ چہارم کے ان سروس کوٹہ پر بحیثیت جونئیر کلرک ترقی کے لئے محکمانہ ٹیسٹ / انٹرویو ہوئے؟

(ب) کیایہ بھی درست ہے کہ تمام کارروائی کے بعد درجہ چہارم کے کسی ایک ملازم کو بھی بحیثیت کلرک ترقی نہ دی گئی ہے؟

(ج) کیایہ بھی درست ہے کہ ان سروس کوٹہ پر بحیثیت کلرک ترقی کے لئے درجہ چہارم کے جملہ ملازمین کے کیس نئے سرے سے ایک بار پھر تیار کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں؟

(د) کیاحکومت جولائی 2008 میں لئے گئے ٹیسٹ کی بنیاد پر تیار میرٹ لسٹ کے مطابق درجہ چہارم کے ملازمین کی بحیثیت کلرک ان سروس کوٹہ پر ترقی کے احکامات جاری کرنے کاارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بیان فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 18 جولائی 2009      تاریخ ترسیل 31 جولائی 2009)

جواب

وزیر سکولزایجوکیشن

(الف) درست ہے۔

(ب) درست نہ ہے۔

(ج) درست نہ ہے۔

(د) ان سروس کوٹہ پر بحیثیت کلرک ترقی کے سلسلہ میں 25 جونیئر کلرکوں کی تقرری کرنی تھی 275 ملازمین کاٹیسٹ 20-09-2009 میں لیا گیاان میں سے 9 ملازمین نے ٹائپ ٹیسٹ پاس کیاان کی تقرری کے احکامات نمبری A-1/14839 مورخہ 23-10-2009 کے تحت جاری کردیئے گئے ہیں۔(کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)

اس کے بعد آرڈر نمبر A-I-2010/8175 مورخہ 13-07-2010 کو 07 ملازمین کو جونیئر کلرک کے طور پر تعینات کیا گیا (کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)

آرڈر نمبر EAD(G)/2011/3162 مورخہ 15-04-2011 کے تحت 17 ملازمین درجہ چہارم کو جونیئر کلرک کے طور پر تعینات کیا گیا۔(کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)

(تاریخ وصولی جواب 5 نومبر 2011)

جہلم، گورنمنٹ ہائی سکول ملیار پنڈ دادنخان میں بے قاعدگیوں کی تفصیلات

*3968: جناب شیر علی خان: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حکومت کی طرف سے چھٹی سے دسویں تک داخلہ فیس کتنی ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول ملیار تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم میں چھٹی سے دسویں تک داخل ہونے والے طالب علموں سے فیس کے علاوہ فی کس 100 روپے داخلہ فیس وصول کی جارہی ہے اور پیپر کی Attestation کیلئے علیحدہ فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس سکول کے نویں اور دسویں جماعت کے طلباء جنہوں نے بورڈ کا امتحان امسال دیا ہے، ان سے زبردستی چندہ وصول کیا گیا ہے کہ اس سے امتحان لینے والے عملہ کو کھانا اور دیگر Entertainment کرنی ہے؟

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس ناجائز چندہ اور فیس کی وصولی کیلئے اعلیٰ افسران کو درخواستیں دی گئی ہیں مگر کوئی کارروائی ذمہ داران کے خلاف نہیں ہوئی ہے؟

(ہ) کیا حکومت اس سلسلہ میں انکوائری کروانے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اسکی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 24 جولائی 2009 تاریخ ترسیل 12 اگست 2009)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) کوئی داخلہ فیس نہ ہے۔

(ب) یہ درست نہ ہے۔

(ج) یہ درست نہ ہے۔

(د) یہ درست نہ ہے۔

(ہ) انکوائری کے بعد کوئی بھی بات ثابت نہ ہوئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 جولائی 2012)

جہلم، گورنمنٹ ہائی سکول ملیار کے اساتذہ ملازمین سے پے سلپ فیس وصولی کی تفصیلات

*3969: جناب شیر علی خان: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا حکومت کی طرف سے فراہم کردہ پے سلپ کی فیس مقررہ ہے اگر ہاں تو کتنی ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول ملیار تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم کے اساتذہ اور دیگر درجہ چہارم کے ملازمین سے ماہانہ 50 روپے پے سلپ فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس سکول کے سٹاف نے اپنے اعلیٰ افسران کو اس ناجائز وصولی کے لئے درخواستیں دیں مگر متعلقہ ذمہ داران کے خلاف کوئی کارروائی نہ ہوئی ہے؟

(د) کیا حکومت اس سلسلہ میں انکوائری کر کے متعلقہ ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 24 جولائی 2009 تاریخ ترسیل 12 اگست 2009)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) کوئی فیس مقرر نہ ہے۔

(ب) یہ درست نہ ہے۔

(ج) یہ درست نہ ہے۔

(د) انکوائری کے بعد کوئی بھی بات ثابت نہ ہوئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

گورنمنٹ مڈل ماڈل سکول جلال بلگن ضلع گوجرانوالہ کی اپ گریڈیشن کا مسئلہ

*4100: جناب محمد نوید انجم: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ مڈل سکول جلال بلگن ضلع گوجرانوالہ کب کتنے رقبہ پر قائم کیا گیا؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول سے ملحقہ پرائیویٹ ہائی سکول اور کالج کافی عرصہ سے قائم ہو چکے ہیں، جہاں طلباء کو مجبوراً میٹرک اور ایف اے میں داخلہ لینا پڑتا ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول سے دس کلومیٹر کے فاصلے تک کوئی سرکاری ہائی سکول نہ ہے؟

(د) مذکورہ بالا حقائق کے پیش نظر حکومت کب تک مذکورہ سکول کو اپ گریڈ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو وجوہات سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 10 اگست 2009 تاریخ ترسیل 4 ستمبر 2009)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) گورنمنٹ مڈل ماڈل سکول جلال بلگن ضلع گوجرانوالہ 1961 میں 25 کنال 11 مرلے رقبہ پر قائم ہوا۔

(ب) گورنمنٹ مڈل ماڈل سکول جلال بلگن سے ملحقہ علاقہ میں درج ذیل تین پرائیویٹ ہائی سکول و کالج قائم ہیں:-

1- شوکت اسلام ہائی سکول و کالج بلگن

2- سلمان میموریل ہائی سکول و کالج چندر کے

3- صفہ اسلام کالج چوڑہ

ان پرائیویٹ اداروں میں داخلہ طلبا کی اپنی صوابدید پر ہے جبکہ گورنمنٹ مڈل ماڈل سکول جلال بلگن فنکشنل ہو چکا ہے-

(ج) درست نہ ہے- مذکورہ سکول سے دس کلو میٹر کے فاصلے کے اندر درج ذیل دو ہائی سکول کام کر رہے ہیں-

گورنمنٹ ہائی سکول بلے والا 6 کلو میٹر

گورنمنٹ ہائی سکول تلونڈی کھجور والی 7 کلو میٹر

(د) مذکورہ سکول کی اپ گریڈیشن ایم پی اے پیکج 25.000 ملین پی پی 95 برائے سال 2009-10 کے تحت ہو چکی ہے اور بلڈنگ بھی مکمل ہو کر محکمہ تعلیم کے ہینڈ اوور ہو گئی ہے مذکورہ سکول کی SNE بحوالہ نمبری SO(SNE)/GRW/2011 مورخہ 20-5-11 جاری ہو چکی ہے-

(تاریخ وصولی جواب 9 نومبر 2011)

دیپالپور، موضع جمال کے گرلز و بوائز سکولوں سے متعلقہ تفصیل

*4780: محترمہ نگہت ناصر شیخ: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گاؤں جمال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ میں پرائمری گرلز سکول اور بوائز پرائمری سکول کے لئے جگہ کس نے کتنی اور کب دی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب)گاؤں جمال تحصیل دیپال پور ضلع اوکاڑہ میں پرائمری گرلز سکول اور بوائز پرائمری سکول کا کل کتنا رقبہ ہے، کتنے رقبے پر عمارت تعمیر کی گئی ہے اور کتنا رقبہ گراؤنڈ کے لئے مختص کیا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

(تاریخ وصولی 05 نومبر 2009 تاریخ ترسیل 19 دسمبر 2009)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف)گاؤں جمال کے تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ میں پرائمری گرلز سکول اور بوائز پرائمری سکول کے لئے محمد اکرم اور منظور احمد وغیرہ نے دو، دو کنال کے حساب سے دونوں سکولوں کو 1995 میں جگہ دی ہے۔

(ب)گاؤں جمال کے تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ میں پرائمری گرلز سکول اور بوائز پرائمری سکول کا رقبہ دو، دو کنال ہے دونوں سکولوں کی عمارت 15،15 مرلے پر مشتمل ہے اور 25،25 مرلے رقبہ گراؤنڈز کے لئے مختص کیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 28 مئی 2012)

## ایلیمنٹری سکولز اساتذہ کی ترقیوں کی تفصیلات

*4793: محترمہ نگہت ناصر شیخ: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

کیا یہ درست ہے کہ ایلیمنٹری سکولز اساتذہ کو محکمانہ ترقی نہیں دی جاتی، کیا حکومت ان کی ترقی کے لئے کوئی لائحہ عمل تیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو کیوں؟

(تاریخ وصولی 5 نومبر 2009 تاریخ ترسیل یکم جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

یہ درست نہ ہے۔ بمطابق حکومت پنجاب نوٹیفیکیشن نمبر SOR-III-S&GAD-1-19/2004 ایلیمنٹری سکولز اساتذہ کی ترقی کے لئے مواقع موجود ہیں جس کے تحت ان اساتذہ کو کل خالی پوسٹوں میں سے 50% پوسٹوں پر سنیارٹی کی بنیاد پر محکمانہ ترقی کے ذریعے بطور SST(BS-16) ترقی دی جاتی ہے۔ کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ مزید یہ کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر سیکرٹری سکول ایجوکیشن پنجاب کے نوٹیفیکیشن نمبری SO(S-III)2-16/2007 مورخہ 06-11-2009 کے تحت ایلیمنٹری سکولز اساتذہ کو بہتر سکیل دینے کے لئے بھی ایک فارمولہ موجود ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| | Initial Level | Level- 1 | Level -II |
| | 50% | 35% | 15% |
| Category of Teacher | Pay Scale | Pay Scale | Pay Scale |
| ESTs (M&F) | BS-14 | BS-15 | BS-16 |

(تاریخ وصولی جواب 25 مئی 2012)

سرگودھا، ای ڈی او کے خلاف انکوائری کی تفصیلات

*4900: چودھری عامر سلطان چیمہ: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سرگودھا کے تمام تعلیمی اداروں کے لئے لاکھوں روپے کے سامان کی غیر معیاری خریداری از قسم کمپیوٹر، یو پی ایس وغیرہ کی بنا پر ای ڈی او تعلیم سرگودھا کے خلاف محکمہ اینٹی کرپشن میں کیس درج ہو چکا ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا مذکورہ کیس میں انکوائری شروع کی گئی ہے اگر ہاں تو اس کی تفصیل سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 14 نومبر 2009 تاریخ ترسیل 17 دسمبر 2009)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ای ڈی او تعلیم سرگودھا نے کسی قسم کی کوئی خریداری نہ کی ہے۔ جس خریداری کا ذکر سوال میں کیا گیا ہے وہ ڈی ای او سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا نے صرف 10 سکولوں کے لئے کی تھی۔ اس کے خلاف ایک شکایت کی گئی تھی جس کے جواب میں مذکور آفیسر نے بتایا کہ خریداری کے لئے تمام قواعد وضوابط کا خیال رکھا گیا اور ٹیکنیکل ممبران سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے بعد ادائیگی کی گئی۔ (کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)

(ب) جو شکایت کی گئی تھی اس کا تفصیلی جواب متعلقہ محکمہ کو دیدیا گیا تھا۔ تاہم الزامات ثابت نہ ہونے پر متعلقہ محکمہ نے انکوائری ختم کر دی تھی۔ (کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

ضلع لاہور۔ 2500 ایجوکیٹرز کو چار ماہ کی تنخواہ دینے کا مسئلہ

*5106: انجینئر قمر الاسلام راجہ: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع لاہور میں تقریباً 2500 ایجوکیٹرز نے پندرہ اگست 2009ء سے پندرہ روزہ ٹیچرز ٹریننگ کورس کیا تھا؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ایجوکیٹرز تقریباً چار مہینے تک تنخواہ کے بغیر تعینات رہے مگر ان کو نومبر کے آخری دنوں میں تقرر نامے دیئے گئے ہیں؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان ایجوکیٹرز کو ابھی تک گزشتہ چار ماہ کی تنخواہ نہیں ملی ہے حکومت انہیں اس عرصہ کی تنخواہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے اور اگر رکھتی ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 03 دسمبر 2009 تاریخ ترسیل 25 جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ضلع لاہور میں پندرہ اگست 2009 سے تعینات ہونے والے ایجوکیٹرز نے ایک ماہ کا تربیتی کورس کیا تھا۔

(ب) ضلع لاہور میں تعینات ہونے والے ایجوکیٹرز کو وقت پر تقرر نامے جاری کئے گئے اور تقرر ہونے والے ایجوکیٹرز کے میڈیکل فٹنس سرٹیفیکیٹ کے اجرأ کے بعد ان کی تنخواہوں کے بل اے جی آفس میں جمع کروا دیئے گئے۔

(ج) درست نہ ہے۔ اے جی پنجاب کی طرف سے تنخواہوں کے چیک جاری ہونے کے بعد تمام

ایجوکیٹرز کو تنخواہیں جاری کر دی گئی ہیں۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)</u>

<u>فورٹ عباس، 254 ایچ ایل کے پرائمری سکول میں عملہ کی تعیناتی و دیگر تفصیلات</u>

*5192: <u>محترمہ ثمینہ نوید</u>: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:–

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چک نمبر 254 ایچ ایل میں چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے 92۔1991 میں ایک بلڈنگ برائے پرائمری سکول تعمیر کی تھی جس کو محکمہ تعلیم نے اپنی تحویل میں لے لیا تھا؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ چک کے معززین نے متعدد بار محکمہ تعلیم کے افسران کو بذریعہ درخواست التجا کی کہ مذکورہ سکول کو محکمہ تعلیم نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے اس لئے سکول کو منظور فرمایا جائے اور اس میں عملہ تعینات فرمایا جائے؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ چک میں تعمیر ہونے والے سکول کو منظور کرنے، عملہ تعینات کرنے کو تیار ہے تو کب تک، نہیں تو تفصیل سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 11 دسمبر 2009 تاریخ ترسیل 16 جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) درست ہے کہ چک نمبر H-L/254 چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے 92-1991 میں ایک بلڈنگ برائے پرائمری سکول تعمیر کی تھی جس کو محکمہ تعلیم نے اپنی تحویل میں سال 2001 میں لیا تھا۔ لیکن بہاول پور چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی عدم توجہی اور عدم دستیابی ریکارڈ کی بنا پر کیس برائے اجرا SNE بروقت محکمہ عالیہ کو نہ بجھوایا جا سکا۔

(ب) درست ہے کہ مذکورہ چک کے معززین نے ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر (ایجوکیشن) بہاول پور کو بذریعہ درخواست التجا کی کہ مذکورہ سکول کو محکمہ تعلیم نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ اس لئے عملہ تعینات فرمایا جائے تاہم اس سلسلہ میں منجانب دفتر ہذا سیکشن آفیسر (SNE)، گورنمنٹ آف پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور کو بروئے نمبری 11021 مورخہ 06-06-2008 برائے اجرا SNE سکول ہذا کا ہینڈنگ اوور / ٹیکنگ اوور سرٹیفکیٹ

مع پروفارمہ MB-16 بھجوایا لیکن بوجہ عدم فراہمی PC-IV اور ایڈمنسٹریٹو اپروول SNE کا اجرائنہ ہو سکا-ای ڈی او (ایجوکیشن) بہاول نگر کی رپورٹ کے مطابق اب دیگر متعلقہ کاغذات مکمل کرکے برائے اجرائے SNE گورنمنٹ آف پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور کو بھجوائے جا رہے ہیں-

(ج) سکول ہذا کی SNE کا کیس برائے فراہمی سٹاف متعلقہ ادارہ کو بجھوایا جارہا ہے تاہم عارضی بنیاد پر ایک معلم کو پابند کرکے سکول کا اجرا کر دیا گیا ہے-

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

## ضلع ساہیوال میں بوائز و گرلز ہائی سکولز کی تعداد و دیگر تفصیلات

*5201: جناب محمد حفیظ اختر چودھری: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ساہیوال میں کل کتنے بوائز و گرلز ہائی سکول ہیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ اسلامیہ ہائی سکول بوائز ساہیوال کو ختم کر دیا گیا ہے اگر ہاں تو یہ سکول کب کس کے احکامات کے تحت کیوں ختم کیا گیا ہے؟

(ج) کیا حکومت اس سکول کو دوبارہ چالو کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 15 دسمبر 2009 تاریخ ترسیل 19 جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ضلع ساہیوال میں بوائز ہائی سکولوں کی تعداد 115 اور گرلز سکولوں کی تعداد 85 ہے۔
(ب) درست ہے۔ سیکرٹری تعلیم حکومت پنجاب کے نوٹیفیکیشن نمبر SO(G-III) 5-2002/33 مورخہ 12-06-2009 کے تحت گورنمنٹ گرلز مشن ہائی سکول (نیشنلائزڈ) کو اپنے سابقہ مالکان مشن ARP کو واپس کر دیا گیا۔ تمام سٹاف تعداد 32 اور 642 طالبات نے گورنمنٹ ادارہ میں تعلیم حاصل کرنے کا آپشن دیا۔ طالبات اور اساتذہ کے مستقبل کو لاحق خطرات کے سدباب کے لئے محکمہ تعلیم ضلعی انتظامیہ شہر کی سیاسی اور سماجی تنظیموں اور بار ایسوسی ایشن ساہیوال کی مشاورت کے بعد جناب ڈی سی او ساہیوال کی منظوری سے گورنمنٹ مشن گرلز ہائی سکول ساہیوال کو نزدیکی گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول بوائز ساہیوال کی بلڈنگ میں شفٹ کر دیا گیا ہے۔ جس کی منظوری حکومت پنجاب دے چکی ہے اور وہاں پر موجود میل سٹاف اور طلباء کو قریب ترین واقع گورنمنٹ بٹالہ مسلم ہائی سکول اور ننگل انبیاء ہائی سکول نمبر 1 میں ضم کر دیا گیا ہے۔ جس پر طلباء، اساتذہ، والدین اور شہر کی تمام تنظیمیں انتہائی مطمئن ہیں۔
(ج) اس سکول کو دوبارہ چلانے کی ضرورت نہ ہے۔ کیونکہ اس سکول کو نزدیکی سکولوں گورنمنٹ بٹالہ مسلم ہائی سکول اور ننگل انبیاء ہائی سکول نمبر 1 میں ضم کر دیا گیا ہے۔ جس پر طلباء اساتذہ والدین اور شہر کی تمام تنظیمیں انتہائی مطمئن ہیں۔ نیز اس ایریا میں دو اور ہائی سکول جاری ہیں۔ اس لئے مزید سکول چلانے کی ضرورت نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 14 اپریل 2012)

ایس ایس کو سپیشل انکریمنٹ دینے کا مسئلہ

*5204:جناب محمد حفیظ اختر چودھری: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سال 2005 اور 2006 کے دوران گورنر نے S.S کو ایک سپیشل انکریمنٹ دی تھی؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ ضلع ساہیوال میں تعینات S.S کو یہ انکریمنٹ نہیں مل رہی، انکار کی وجوہات کیا ہیں؟

(ج) کیا حکومت تمام S.S کو یہ سہولت دینے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 15 دسمبر 2009 تاریخ ترسیل 19 جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) حکومت پنجاب نے سال 2007 میں سکول کیڈر کے تمام اساتذہ کو ایک سپیشل انکریمنٹ دینے کا نوٹیفیکیشن کیا تھا جس کے مطابق پنجاب کے تمام اساتذہ کو یہ انکریمنٹ مل رہی ہے- کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے-

(ب) یہ انکریمنٹ پنجاب میں کام کرنے والے تمام اساتذہ اور ایس ایس کو مل رہی ہے-

(ج) جواب جزو "ب" کی روشنی میں مزید وضاحت کی ضرورت نہ ہے-

(تاریخ وصولی جواب 14 اپریل 2012)

آئی ٹی لیبارٹریز کے لئے خریدے گئے کمپیوٹرز کی تفصیلات

*5239:انجینئر قمرالاسلام راجہ: کیاوزیر سکولزایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی منصوبہ بندی کے مطابق اگلے تین برسوں میں صوبہ کے تمام ہائی سکولوں میں مرحلہ وار آئی ٹی لیبارٹریزکام شروع کردیں گی، پہلے مرحلے میں محکمہ تعلیم نے کل کتنے کمپیوٹرز خریدے ہیں اوران کی (Specifications) کیا ہیں؟

(ب) دوسرے مرحلے کے لئے کل کتنے کمپیوٹرز خریدے جارہے ہیں ان کی (Specifications) اور لاگت سے ایوان کوآگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 16 دسمبر 2009 تاریخ ترسیل 25 جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولزایجوکیشن

(الف) محکمہ سکول ایجوکیشن کی منصوبہ بندی کے مطابق پہلے مرحلے میں صوبہ پنجاب کے 4286 ہائی سکولوں میں دوران مالی سال 10-2009 آئی ٹی لیبز قائم کی گئی تھیں۔ہر لیب کے لئے خریدے گئے کمپیوٹرز کی تفصیل اور Specifications ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

(ب) دوسرے مرحلے میں مالی سال 12-2011 و 13-2012 کے دوران 515 کمپوٹر لیبز کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ PC−1 سکیم منظور ہوچکی ہے جن کا تخمینہ لاگت 449.904 ملین روپے ہے۔اس مرحلہ میں خریدے جانے والے کمپیوٹرز کی مجوزہ (Specifications) و تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

ضلع رحیم یارخان، سکولوں میں کمپیوٹر لیبارٹریوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

**5258: میاں شفیع محمد: کیاوزیر سکولزایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-**

(الف) ضلع رحیم یار خان میں قائم کی گئی کمپیوٹرلیبارٹریوں کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے؟

(ب) ضلع مذکور میں ان لیبارٹریوں میں بھرتی کئے گئے سٹاف کی تعداد، عہدہ وائز تعلیمی قابلیت، تجربہ اور ڈومی سائل کی تفصیل ایوان میں فراہم کی جائے؟

(ج) اگر مذکورہ سٹاف کو میرٹ پر بھرتی کیا گیا تو میرٹ لسٹ اور Appointing Authority کا نام اور بھرتی کے اشتہار کی کاپی ایوان میں فراہم کی جائے؟

(تاریخ وصولی 16 دسمبر 2009 تاریخ ترسیل 25 جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولزایجوکیشن

(الف) ضلع رحیم یار خان سیکنڈری ونگ میں سکولوں کی موجودہ تعداد حسب ذیل ہے:-

| سکول | بوائز | گرلز |
|---|---|---|
| سیکنڈری | 117 | 70 |
| ہائر سیکنڈری | 09 | 06 |
| میزان | 127 | 76 |

ان سکولز میں گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے 150 سکولوں میں کمپیوٹرلیبز قائم کی گئیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

| سکول | بوائز | گرلز |
|---|---|---|
| سیکنڈری | 102 | 44 |
| ہائر سیکنڈری | 02 | 02 |
| میزان | 104 | 46 |

ان کے علاوہ 18 سکولوں میں آئی ٹی لیب ڈائریکٹر پراجیکٹ لاہور کی طرف سے قائم کی گئی تھیں اور تقرری بھی انہوں نے ہی کی تھی فہرست ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

| سکول | بوائز | گرلز |
|---|---|---|
| سیکنڈری | 08 | 06 |
| ہائر سیکنڈری | 03 | 01 |
| میزان | 11 | 07 |

(ب) ضلع ہذا میں 104 بوائزاور 46 گرلز سکول میں 2009 کی بھرتی کے دوران آئی ٹی ٹیچرز کی تعیناتی ہوئی تعلیمی قابلیت مع بی اے، بی ایس سی، بی سی ایس، ایم سی ایس کمپیوٹر سائنس 200 نمبروں والے امیدواران بھرتی کئے گئےاور تجربہ کے لئے کسی سرکاری ادارہ میں ایک سال مکمل ہونے کی صورت میں ایک نمبر اور کل پانچ نمبر تھے دوران سال 2011، 08 خالی ہونے والی اسامیوں پر بھرتی کی گئی تھی۔فہرست ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) میرٹ لسٹ مع نام Appointing Authority اور نقل اشتہار برائے بھرتی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

ضلع رحیم یار خان، چاردیواری کے بغیر سکولوں کی تفصیلات

*5260: میاں شفیع محمد: کیاوزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع رحیم یار خان کے کتنے بوائزاور گرلز پرائمری، مڈل اور ہائی سکول ایسے ہیں جن کی چار دیواری نہیں ہے یانامکمل ہے، سکول وائز تفصیل بتائیں؟

(ب) موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر حکومت نے نامکمل اور بغیر چاردیواری کے سکولوں میں چاردیواری تعمیر کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 16 دسمبر 2009 تاریخ ترسیل 25 جنوری 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ضلع رحیم یار خان میں نامکمل و بغیر چاردیواری سکولوں کی تفصیل درج ذیل ہے:-

نامکمل چاردیواری

| سکول لیول | بوائز | گرلز |
|---|---|---|
| ہائی | 69 | 5 |
| مڈل | 13 | 0 |
| پرائمری | 08 | 0 |

بغیر چاردیواری

| سکول لیول | بوائز | گرلز |
|---|---|---|
| ہائی | 0 | 0 |
| مڈل | 47 | 3 |
| پرائمری | 218 | 83 |

سکول وائز فہرست ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے-

(ب) مذکورہ بالا 5 گرلز ہائی سکولز، 69 بوائز ہائی سکولز کی چاردیواری کی تعمیر جاری ہے اور جون 2012 سے قبل مکمل کر لی جائے گی- اگلے سال باقی سکولوں کی چاردیواری بھی Priority کی بنیاد پر اور فنڈز کی فراہمی پر مکمل کر دی جائے گی-

(تاریخ وصولی جواب 23 اپریل 2012)

## یو سی 107 منچن آباد کے سکولوں کی اپ گریڈیشن کا مسئلہ

*5483: محترمہ ثمینہ نوید: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تحصیل منچن آباد (بہاولنگر) کی یونین کونسل نمبر 107 حسن والا کے گاؤں کرم شاہ میں ایک گورنمنٹ پرائمری سکول بوائز اور ایک گرلز پرائمری سکول عرصہ دراز سے قائم ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول سے فارغ ہونے والے طلباء وطالبات کو مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے دور دراز کا سفر کرنا پڑتا ہے؟

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ سکول کو اپ گریڈ کرنے کو تیار ہے، اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو وجوہات سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 05 جنوری 2010 تاریخ ترسیل 6 مارچ 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) یہ درست ہے کہ تحصیل منچن آباد (بہاولنگر) کی یونین کونسل نمبر 107 حسن والہ کے گاؤں کرم شاہ میں ایک گورنمنٹ P/S بوائز 1973 اور ایک گرلز P/S 1970 سے قائم ہے-

(ب) درست ہے کہ مذکورہ سکول سے فارغ ہونے والے طلبا کو مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے گورنمنٹ بوائز ایلیمنٹری سکول رتیکا ایک کلومیٹر اور بوائز ہائی سکول میکلوڈ گنج جس کا فاصلہ کرم شاہ سے تقریباً 10 کلومیٹر ہے، جانا پڑتا ہے- جبکہ طالبات کو مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول رحمونکہ اور گورنمنٹ ہائی سکول میکلوڈ گنج جن کا فاصلہ کرم شاہ سے 8 کلومیٹر اور 10 کلومیٹر ہے جانا پڑتا ہے-

(ج)ای ڈی او(ایجوکیشن) بہاولنگر کی رپورٹ کے مطابق مذکورہ سکول رقبہ کی عدم دستیابی کی وجہ سے اپ گریڈیشن کے لئے Feasible نہیں ہے۔کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

تاہم اگر لوکل کمیونٹی رقبہ فراہم کردے تو مذکورہ سکول کو اپ گریڈ کیا جا سکتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 23 اپریل 2012)

پنجاب کے سرکاری سکولوں میں خاکروب تعینات کرنے کی تفصیلات

*5519: محترمہ سیمل کامران: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پنجاب کے اکثر سرکاری سکولوں میں خاکروب (Sweeper) تعینات نہیں ہیں؟

(ب) کیا حکومت مذکورہ سکولوں میں خاکروب جلد از جلد تعینات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 07 جنوری 2010 تاریخ ترسیل 6 مارچ 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) یہ درست نہ ہے۔تمام ہائی / ہائر سیکنڈری سکولوں میں خاکروب کی اسامیاں منظور شدہ ہیں اور وہ باقاعدگی سے ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں۔

(ب) جواب جزو "الف" کی روشنی میں مزید وضاحت کی ضرورت نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 23 اپریل 2012)

جہلم، گورنمنٹ پرائمری سکول موضع میرے کی عمارت کی تعمیر کی تفصیلات

*5557: جناب محمد شفیق خان: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) گورنمنٹ پرائمری سکول موضع میرے، یوسی احمد آباد پنڈ داد نخان ضلع جہلم کی عمارت کتنی لاگت سے مکمل ہوئی ہے؟

(ب) یہ عمارت کس ٹھیکیدار نے تعمیر کی ہے؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ اس عمارت میں بجلی کی وائرنگ، پنکھے اور پانی کی سہولت نہیں ہے، اگر ہاں تو اس عمارت کی تعمیر میں یہ کام کیوں نہیں کروایا گیا؟

(د) کیا حکومت نے مذکورہ ٹھیکیدار کو سکیورٹی کی رقم کی ادائیگی کر دی ہے، اگر ہاں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(ہ) اس عمارت کی Completion کا سرٹیفکیٹ کس نے کب جاری کیا ہے؟

(تاریخ وصولی 16 جنوری 2010 تاریخ ترسیل 19 اپریل 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) 20.600 ملین

(ب) خرم شہزاد (این ایل سی)

(ج) درست نہیں ہے۔

(د) این ایل سی کی متعلقہ ہے۔

(ہ) سلطان احمد ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ) تحصیل پنڈ دادن خان سرٹیفکیٹ Completion کے بعد جاری کیا گیا۔

(تاریخ وصولی جواب 19 نومبر 2011)

## سرگودھا۔سکولوں کی اپ گریڈیشن کے لئے فنڈز جاری کرنے کی تفصیلات

*5562:چودھری عامر سلطان چیمہ:کیاوزیر سکولزایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف)کیایہ درست ہے کہ حکومت پنجاب نے ہر ممبر صوبائی اسمبلی کو4سیکٹروں میں ترقیاتی اسکیموں کیلئے25ملین کی خصوصی گرانٹ منظور کی ہے؟

(ب)کیایہ درست ہے کہ اس خصوصی گرانٹ میں ایجوکیشن سیکٹر میں میری3سکیمیں برائے اپ گریڈیشن:۔

(i)گرلز پرائمری سکول سے مڈل سکول40شمالی

(ii)گرلز مڈل سکول سے ہائی سکول28جنوبی

(iii)گرلز پرائمری سکول سے مڈل سکول82جنوبی سرگودھا

کی ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کی طرف سے منظوری کے بعدان کے ٹینڈرز بھی طلب کئے جاچکے ہیں؟

(ج)کیایہ بھی درست ہے کہ ورک آرڈر جاری ہونے کے باوجود ٹھیکیداروں نے ابھی تک کام شروع نہیں کیاکیونکہ ان کیلئے فنڈز جاری نہیں کئے گئے،یہ فنڈزکب تک جاری کئے جائیں گے تاکہ کام شروع ہوسکے؟

(تاریخ وصولی18جنوری2010 تاریخ ترسیل20اپریل2010)

جواب

وزیر سکولزایجوکیشن

(الف)درست ہے۔

(ب)درست ہے۔

(ج)درست نہ ہے۔تینوں سکیموں پر کام مکمل ہو چکا ہے اور عملہ کی تعیناتی کے بعد نئی کلاسز کا اجرا بھی ہو چکا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

رحیم یار خان، موضع حاجی غلام سرور خان امام بخش انہڑ میں لڑکیوں کے لئے پرائمری سکول بنانے کا مسئلہ

*5574: شیخ علاؤالدین: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تحصیل لیاقت پور رحیم یار خان کے گاؤں حاجی غلام سرور خان امام بخش انہڑ میں لڑکیوں کیلئے کوئی پرائمری سکول نہ ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ بالا گاؤں میں لڑکیوں کیلئے پرائمری سکول بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر ہاں تو کب تک آگاہ کریں؟

(تاریخ وصولی 18 جنوری 2010 تاریخ ترسیل 20 اپریل 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) درست ہے۔تحصیل لیاقت پور میں امام بخش بوائز پرائمری سکول موجود ہے لیکن گرلز سکول نہ ہے۔

(ب) بوائز سکول موجود ہے۔اگر لوکل کمیونٹی زمین سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے نام منتقل کر دے تو گرلز سکول بنایا جا سکتا ہے۔تاہم آئندہ مستقبل میں حکومت ہر گاؤں میں صرف ایک ہی پرائمری سکول بنائے گی جس میں لڑکے اور لڑکیاں دونوں پڑھ سکیں گے۔اس بارے میں محکمہ وزیر اعلیٰ پنجاب کو ایک سمری بھجوا چکا ہے اور موجودہ پرائمری سکولوں کو بھی گرلز اور بوائز کی

بجائے ایک ہی جونیئر ماڈل سکول بنانے کی تجویز زیر غور ہے جس میں پرائمری سطح پر بچیاں اور بچے اکٹھے پڑھ سکیں۔

(تاریخ وصولی جواب 19 نومبر 2011)

راجن پور۔پی پی 250 سکولوں کی اپ گریڈیشن ودیگر مسائل کی تفصیلات

*5718: سردار عاطف حسین مزاری: کیاوزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) حلقہ پی پی 250 ضلع راجن پور میں 2008 سے اب تک کون کونسے پرائمری، مڈل، ہائی سکولز کو اپ گریڈ کیا گیا نیز کیا اپ گریڈ ہونیوالے سکولز میں کلاسز شروع کی گئی ہیں اگر نہیں تو کب تک شروع کی جائیں گی، تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) مذکورہ حلقہ میں کتنے ایسے پرائمری، مڈل، ہائی (بوائز و گرلز) سکولز ہیں جہاں بنیادی سہولیات میسر نہ ہیں اور کتنے سکولز کی چار دیواری نہ ہے، کب تک چار دیواری اور دیگر سہولیات مہیا کی جائیں گی؟

(ج) کتنے اور کون سے ایسے سکولز ہیں جن کی اپنی بلڈنگ نہ ہے اور کون سے ایسے سکولز ہیں جن کی بلڈنگ تو موجود ہے لیکن سٹاف نہ ہے یا نہ ہونے کے برابر ہے، مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(د) مڈل سکول بستی مکوڑہ کو اب تک اپ گریڈ کیوں نہیں کیا گیا، وجوہات سے ایوان کو آگاہ فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 29 جنوری 2010 تاریخ ترسیل 13 اپریل 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) حلقہ پی پی 250 میں 2008 سے آج تک درج ذیل سکولز Up-Grade ہوئے ہیں اور کلاسز بھی شروع ہو گئی ہیں۔

| | زنانہ | مردانہ | ٹوٹل |
|---|---|---|---|
| 1-پرائمری سے مڈل | 03 | 04 | 07 |

I-گرلز پرائمری سکول سونمیانی نمبر 2   ii-گرلز CMS کچہ میانوالی   iii-گرلز CMS شوکت آباد

I-بوائز P/S سنگت بزدار   ii-بوائز P/S الٰہی بخش چاچڑ   iii-بوائز P/S عارف والہ   iv-بوائز P/S محب علی

| | زنانہ | مردانہ | ٹوٹل |
|---|---|---|---|
| 1-مڈل سے ہائی | 01 | 01 | 02 |

I-گرلز E/S بھاگسر

I-بوائز E/S بھاگسر

| | زنانہ | مردانہ | ٹوٹل |
|---|---|---|---|
| 1-ہائی سے ہائر سیکنڈری | 01 | 01 | 02 |

I-گرلز ہائر سیکنڈری سکول عمر کوٹ

I-بوائز ہائر سیکنڈری سکول عمر کوٹ

(ب) درج ذیل حساب سے پرائمری، مڈل، ہائی گرلز اور بوائز سکولز بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔

| | زنانہ | مردانہ | ٹوٹل |
|---|---|---|---|
| 1-پرائمری | 14 | 18 | 32 |
| 2-مڈل | 02 | 01 | 03 |
| 3-ہائی | 00 | 00 | 00 |

ان سکولوں میں بنیادی سہولیات میسر نہ ہیں مثلاً بجلی، پانی اور لیٹرین وغیرہ

گرلز سکولز پرائمری

1-گرلز P/S محلہ وینس اعوان 2-گرلز P/S بنگلہ ہدایت 3-گرلز P/S بستی پنجاب 4-گرلز P/S چک دلبر

5- گرلز P/S محبوب ناگا 6-گرلز P/S چک کڑیا 7- گرلز P/S بستی شیخاں 8-گرلز P/S وارڈ نمبر 7 روجھان 9- گرلز P/S گل گھنوار 10-گرلز P/S برکت علی

11-گرلز P/S شہزاد ماڈل فارم 12- گرلز P/S نمبر 3 روجھان 13-گرلز P/S روجھان شرقی 14-گرلز P/S غلام محمد گھیلانی

بوائز سکولز پرائمری

1-بوائز P/S بستی سرگانی 2-بوائز P/S بہرام خان 3-بوائز P/S حبیب اللہ

4-بوائز P/S جتاں دی میرٹھ 5-بوائز P/S ملک مردا 6-بوائز P/S نمبر 1 عمر کوٹ

7-بوائز P/S قاضی کوارٹر 8-بوائز P/S کریم بخش راہواڑی 9-بوائز P/S واہ ماچکہ

10- بوائز P/S لعل بخش دلائی 11-بوائز P/S بستی شیخاں 12-بوائز P/S علی مراد

13-بوائز P/S کن 14-بوائز P/S دلبر 15-بوائز P/S ازمان
16-بوائز P/S تھوبانی 17- بوائز P/S بستی پنجابی 18-بوائز P/S گیا
نمل

<u>گرلز سکولز مڈل</u>

1-گرلز E/S کوٹلہ حسن شاہ 2-گرلز E/S میراں پور

<u>بوائز سکولز مڈل</u>

1-بوائز E/S نبی شاہ

جن سکولوں کی چار دیواری نہ ہے-

1-گرلز P/S گلاب گوٹھ 2-گرلز P/S بستی شیر محمد 3-گرلز P/S ملک بڈھا 4-گرلز P/S ملک مرید 5-گرلز P/S غلام نبی گولہ

1-بوائز P/S بستی پنجابی روجھان 2-بوائز P/S بستی پنجابی مرکز مٹھن کوٹ

پچھلے مالی سال 2011-12 میں مختلف سکیموں کے تحت 21 سکولوں میں مسنگ فیسلٹیز (Missing Facilities) فراہم کی گئیں، باقی درج بالا سکولوں میں Priority کی بنیاد پر ضلعی حکومت سے فنڈز کی فراہمی پر مسنگ فیسلٹیز بتدریج فراہم کر دی جائیں گی-

(ج) درج ذیل سکولز کی اپنی بلڈنگ نہ ہے:-

| | زنانہ | مردانہ | ٹوٹل |
|---|---|---|---|
| 1-پرائمری | 02 | 04 | 06 |
| 2-مڈل | 00 | 01 | 01 |

<u>گرلز پرائمری سکولز</u>

1-گرلز P/S نبی شاہ 2- گرلز P/S بنگلہ اچھا

بوائز پرائمری سکولز

1-بوائزP/Sحبیب اللہ نمبر2 2-بوائزP/Sعلی مراد 3- بوائزP/S لعل بخش

4-بوائزP/Sحضور بخش جت

درج ذیل سکولوں میں سٹاف نہ ہے-موجودہ ہونے والی ریکروٹمنٹ(Recruitment)

میں ان سکولز میں نیاسٹاف بھرتی کردیا جائے گا-

گرلز پرائمری سکولز

1-گرلزP/S کوٹلہ حمل 2-گرلزP/S کچہ چوہان 3-گرلزP/Sباری باجواہ

4-گرلزP/Sمیانی محمود 5-گرلزP/S جھنڈی 6-گرلزP/S پلوجت

بوائز پرائمری سکولز

1-بوائزP/S وڈیرہ شاہنواز

(د)مڈل سکول بستی مکوڑہ کو ہائی سکول کادرجہ دینے کے لئے فیزیبلٹی رپورٹ اور رف کاسٹ

اسٹیمٹ گورنمنٹ آف پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو بھجوادیا گیاہے-

(تاریخ وصولی جواب16جولائی2012)

گورنمنٹ ہائی سکول388گ ب کی چاردیواری کی تعمیر کامعاملہ

*5747: محترمہ سکینہ شاہین خان: کیاوزیر سکولزایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:–

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول 388 گ ب تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد کی چار دیواری گر چکی ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ سکول کے ساتھ جوہڑ کا گندہ پانی چار دیواری گرنے کی وجہ سے سکول کے صحن اور کمروں میں داخل ہو گیا ہے؟

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ بالا سکول کی چار دیواری تعمیر کروانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی یکم فروری 2010 تاریخ ترسیل 19 اپریل 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ہاں یہ درست ہے کہ سکول کی چار دیواری گر چکی ہے جس میں 530 RFT چار دیواری مکمل ہے اور 1900 RFT چار دیواری کی ضرورت ہے۔

(ب) درست ہے۔ لیکن متعلقہ سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب نے اپنی مدد آپ کے تحت گندے پانی کو روکنے کے لئے خاطر خواہ انتظامات کر لئے ہیں۔

(ج) ڈائریکٹر PMIU پنجاب لاہور کو درخواست کی گئی ہے کہ اس سکول کو فیز 6 پروگرام PESRP برائے سال 2010-11 میں شامل کیا جائے۔ مطلوبہ فنڈز دستیاب ہونے کی صورت میں چار دیواری وغیرہ مکمل کر دی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 18 دسمبر 2010)

نارووال، گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نور نگ آباد کی اپ گریڈیشن و دیگر تفصیلات

*5768: جناب محمد عباس چودھری: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نورنگ آباد تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال کی Up gradation کے لئے 09-2008 مورخہ 09-08-05 میں بذریعہ چٹھی نمبر AL−1/CB/1867/M فنڈز الاٹ کئے گئے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ بذریعہ چٹھی نمبر 1349 مورخہ 09-06-06 ٹینڈر کے لئے مراسلہ جاری ہوا؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ پر کام روک دیا گیا؟

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا محکمہ مذکورہ کام دوبارہ شروع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؟

(تاریخ وصولی یکم فروری 2010 تاریخ ترسیل 19 اپریل 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) ضلعی حکومت کی طرف سے فنڈ نہ ملنے کی وجہ سے اس پروجیکٹ پر کام شروع نہ ہو سکا۔

(د) اگر ضلعی حکومت موجودہ مالی سال 13-2012 میں فنڈز فراہم کر دے تو اس پروجیکٹ پر دوبارہ کام شروع کیا جا سکتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

ڈی ای او (زنانہ) شیخوپورہ میں ملازمین کی اپ گریڈیشن میں تاخیر کی تفصیلات

*5824: محترمہ ساجدہ میر: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ڈی ای او زنانہ ضلع شیخوپورہ میں ای ای ٹی کی اپ گریڈیشن کے کتنے کیس زیر التواء ہیں؟

(ب) ای ای ٹی کی اپ گریڈیشن کس تاریخ سے Due ہے، اس تاخیر میں کون کون سے افسران اور عملہ ملوث ہے، نام و عہدہ بتایا جائے؟

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت ای ای ٹی (زنانہ) کی اپ گریڈیشن کب تک کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 06 فروری 2010 تاریخ ترسیل 27 اپریل 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) کوئی بھی کیس زیر التوا نہیں ہے۔

(ب) کوئی آفیسر یا عملے کا کوئی فرد اس تاخیر میں ملوث نہیں ہے۔

(ج) ای ای ٹی کی اپ گریڈیشن مکمل ہو چکی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

## پی پی 72 فیصل آباد: ہائی سکولوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

*5886: خواجہ محمد اسلام: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 72 فیصل آباد میں کتنے بوائز و گرلز ہائی سکول ہیں؟

(ب) ان سکولوں میں زیر تعلیم طالب علموں کی تعداد کلاس وائز بتائیں؟

(ج) ان سکولوں میں کون کون سی Missing Facilities ہیں؟

(د) کن کن سکولوں کی عمارات ناکافی ہیں اور کن سکولوں میں اساتذہ کی تعداد کم ہے؟

(ہ) کیا حکومت ان سکولوں کے مسائل حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2010 تاریخ ترسیل 3 مئی 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) صوبائی حلقہ پی پی 72 میں بوائز ہائی سکولز کی تعداد 7 ہے جبکہ گرلز ہائی سکولز کی تعداد 14 ہے۔

(ب) ان سکولوں میں طالب علموں کی کلاس وائز تعداد (Annex-"A") ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) مذکورہ حلقہ کے پانچ سکولوں کے کمروں کی تعمیر اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی کی مد میں مالی سال 11-2010 میں 22.608 ملین روپے خرچ کئے گئے ہیں۔ تفصیل (Annex-"B") ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ اب مذکورہ سکولوں میں تمام بنیادی سہولتیں میسر ہیں۔

(د) پی پی 72 میں کسی بھی سکول میں عمارت کم نہیں ہے جبکہ کچھ سکولوں میں اساتذہ کی تعداد ریٹائرمنٹ کی وجہ سے کم تھی جو تبادلہ جات کے ذریعے پوری کر دی گئی ہے۔

(ہ) مذکورہ حلقہ کے اکثر سکولوں کے مسائل حل کر دیئے گئے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 29 مئی 2011)

## پی پی 72 فیصل آباد میں پرائمری و مڈل سکولوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

*5890: خواجہ محمد اسلام: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 72 فیصل آباد میں کتنے پرائمری اور مڈل سکولز بوائز و گرلز ہیں؟

(ب) کتنے سکولز سرکاری عمارات اور کتنے کرایہ کی عمارات میں چل رہے ہیں؟

(ج) ان سکولوں میں کون کن سی Missing Facilities ہیں؟

(د) کیا حکومت ان سکولوں کی Missing Facilities پوری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2010 تاریخ ترسیل 3 مئی 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) پی پی 72 فیصل آباد میں گورنمنٹ گرلز اور بوائز پرائمری سکول 8 ہیں اور گورنمنٹ گرلز و بوائز مڈل سکول 6 ہیں، تفصیل درج ذیل ہے:-

| | |
|---|---|
| 1-گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول | 04 |
| 2- گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول | 04 |
| 3-گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول | 04 |
| 4-گورنمنٹ بوائز ایلیمنٹری سکول | 02 |
| ٹوٹل | 14 |

سکول وائز فہرست ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) تمام سکول سرکاری عمارات میں چل رہے ہیں۔

(ج) مذکورہ حلقہ کے تمام سکولوں میں بنیادی سہولیات موجود ہیں۔

(د) مذکورہ سکولوں میں بنیادی سہولیات پوری ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 5 نومبر 2011)

## پی پی 125، سیالکوٹ میں سکولوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

*5922: چودھری طاہر محمود ہندلی ایڈووکیٹ: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) پی پی 125 سیالکوٹ میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی تعداد کیا ہے؟

(ب) جو سکول ان میں سے اپ گریڈیشن کے معیار پر پورا اترتے ہیں کیا حکومت ان کو اپ گریڈ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2010       تاریخ ترسیل 3 مئی 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف)

| گرلز پرائمری سکولز | بوائز پرائمری سکولز | گرلز ایلیمنٹری سکولز | بوائز ایلیمنٹری سکولز | ہائی سکولز |
|---|---|---|---|---|
| 107 | 63 | 20 | 06 | 11 |

(ب) جو سکول اپ گریڈیشن کے معیار پر پورے اترتے ہیں انہیں Priority کی بنیاد پر اور ضلعی حکومت سے فنڈز کی دستیابی پر اپ گریڈ کر دیا جاتا ہے-

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

پی پی 125 سیالکوٹ بغیر عمارات سکولوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

*5923: چودھری طاہر محمود ہندلی ایڈووکیٹ: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 125 سیالکوٹ میں بغیر عمارات سکولوں کی تعداد کتنی ہے ؟

(ب) مذکورہ سکولوں میں فرنیچر، سٹاف اور عملہ ضرورت کے مطابق موجود ہے اگر نہیں تو اس کی تفصیل بیان کریں ؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2010       تاریخ ترسیل 23 جون 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف)پی پی 125 سیالکوٹ میں مندرجہ ذیل 2 سکول بغیر عمارت کے چل رہے تھے۔

(i) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول "کوہاڑ"

(ii) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول "ٹونگ"

- گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول "کوہاڑ" کو گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول "کوہاڑ" اور گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول "ٹونگ" کو گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول "ٹونگ" میں پنجاب گورنمنٹ کی Merger Policy کے مطابق ضم کر دیا گیا ہے۔
- لہذا اس حلقہ میں اب کوئی بھی سکول بغیر عمارت نہ ہے۔

(ب)مذکورہ دونوں بوائز پرائمری سکولوں کو گرلز پرائمری سکولوں میں ضم کرنے کے بعد فرنیچر، سٹاف اور عملہ کی کمی پوری ہو گئی ہے۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)</u>

<u>ضلع راجن پور، اساتذہ کی منظور شدہ اسامیاں و دیگر تفصیلات</u>

*5994: <u>جناب ذوالفقار علی:</u> کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ پرائمری سکول حفیظ آباد سنٹر عمر کوٹ تحصیل روجھان ضلع راجن پور میں اساتذہ کی منظور شدہ اسامیاں کتنی ہیں؟

(ب)اس وقت کتنے اساتذہ کام کر رہے ہیں ان کے نام، ولدیت، تعلیمی قابلیت کی تفصیل بتائیں؟

(ج)اس سکول میں کتنے بچے کلاس وائز زیر تعلیم ہیں؟

(د) کیا سکول اس وقت فنکشنل ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں نیز حکومت اس کو کب تک فنکشنل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2010 تاریخ ترسیل 11 مئی 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) گورنمنٹ پرائمری سکول حفیظ آباد سنٹر عمر کوٹ روجھان ضلع راجن پور میں اساتذہ کی منظور شدہ اسامیاں 2 ہیں۔

(ب) اس وقت سکول میں ایک ٹیچر حبیب اللہ ولد کریم بخش تعینات ہے جس کی تعلیمی قابلیت

ایم اے، بی ایڈ ہے اور ایک اسامی خالی ہے۔

(ج) سکول میں بچوں کی کلاس وائز تفصیل درج ذیل ہے:۔

| | |
|---|---|
| اول ادنیٰ | 14 |
| اول اعلیٰ | 05 |
| دوئم | 02 |
| سوئم | 00 |
| چہارم | 00 |
| پنجم | 00 |

(د) جی ہاں اس وقت سکول فنکشنل ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 جولائی 2012)

قصور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کوٹ رادھا کشن کے کمروں کی تعمیر کا مسئلہ

*6000: محترمہ سیمل کامران: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کوٹ رادھا کشن قصور میں واقع گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کے 12 کمرے خطرناک قرار دیئے جا چکے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ موسم برسات میں بارشوں کا پانی سکول گراؤنڈ میں جمع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے طالبات سکول کے گراؤنڈ میں بیٹھ کر درس وتدریس کا سلسلہ جاری نہیں رکھ سکتیں؟

(ج) کیا حکومت ایجوکیشن ریفارمز پروگرام کے تحت نئے کمروں کی تعمیر کا ارادہ رکھتی ہے، اگر ہاں تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 24 فروری 2010 تاریخ ترسیل 31 مئی 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ گورنمنٹ گرلز H/S کوٹ رادھا کشن میں دس کمرے خطرناک قرار دیئے جا چکے ہیں تاہم سکول میں ان کے متبادل دس نئے کمرے تعمیر کئے جا چکے ہیں-

(ب) ضلعی انتظامیہ کی طرف سے جاری کردہ فنڈز سے سکول کی گراؤنڈ میں مٹی بھرتی مکمل ہو چکی ہے جس سے یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے-

(ج) پنجاب ایجوکیشن ریفارم پروگرام کے تحت سکول میں دس نئے کمروں کی تعمیر ہو چکی ہے-

(تاریخ وصولی جواب 14 اپریل 2012)

فیصل آباد-چک نمبر 367 گ ب کے گرلز پرائمری سکول کی حالت زار کی تفصیلات

*6042:جناب وسیم قادر: کیاوزیر سکولزایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیایہ درست ہے کہ چک نمبر 367گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں گرلز پرائمری سکول کی عمارت خستہ حالت ہے اوراس کی چاری دیواری بھی نہ ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے توکیاحکومت مذکورہ سکول کی چاردیواری اوراس کی عمارت کو تعمیر کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی25فروری2010 تاریخ ترسیل19جون2010)

جواب

وزیر سکولزایجوکیشن

(الف) مذکورہ سکول کی عمارت کاکچھ حصہ قابل مرمت ہے لیکن سکول کی چاردیواری بنی ہوئی ہے مگراس کی بلندی کم ہے۔

(ب) جی ہاں!اسی سال فنانس ڈیپارٹمنٹ سے فنڈز کی دستیابی پر ترجیحی بنیاد پراس سکول کی چار دیواری اونچی کردی جائیگی۔

(تاریخ وصولی جواب14اکتوبر2011)

فیصل آباد-چک نمبر367گ ب کے بوائزپرائمری سکول کے مسائل کی تفصیلات

*6043:جناب وسیم قادر: کیاوزیر سکولزایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چک نمبر 367 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں گورنمنٹ پرائمری سکول فاربوائز میں بچوں کی تعداد کے مطابق ٹیچرز نہ ہیں جو ہیں وہ آتے ہی نہیں ؟
(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ سکول فرنیچر و دیگر بنیادی ضروریات سے محروم ہے ؟
(ج) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت سکول کے مذکورہ بالا مسائل کو فوری حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

(تاریخ وصولی 25 فروری 2010 تاریخ ترسیل 19 جون 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن
(الف) گورنمنٹ پرائمری سکول چک نمبر 367 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں طلبا کی تعداد 131 ہے اور طلبا کی تعداد کے مطابق تین ٹیچرز تعینات ہیں اور باقاعدگی سے سکول آتے ہیں۔
(ب) طلبا کی تعداد کے لحاظ سے فرنیچر کافی ہے۔سکول میں چار دیواری کے علاوہ بنیادی سہولتیں میسر ہیں۔
(ج) آئندہ جب بھی بنیادی سہولیات کے لئے گرانٹ آئے گی ترجیحی بنیادوں پر سکول کا نام شامل کیا جائے گا اور سکول کو بنیادی سہولتیں میسر کر دی جائیں گی۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 29 مئی 2011)</u>

## ضلع اوکاڑہ۔ سکولوں کی تعداد اور متعلقہ دیگر تفصیلات

*6051: محترمہ خدیجہ عمر: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :–

(الف) ضلع اوکاڑہ میں کل کتنے پرائمری، مڈل اور ہائی سکول ہیں ان میں سے کتنے سکول چل رہے ہیں اور کتنے بند ہیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ کچھ سکول عمارات نہ ہونے کی وجہ سے بند ہیں؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ ضلع میں دور دراز کے علاقوں میں سکولوں کی بلڈنگز نہ ہونے کی وجہ سے اور کوئی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے کوئی ٹیچر وہاں جانا نہیں چاہتا؟

(تاریخ وصولی 25 فروری 2010 تاریخ ترسیل 22 جون 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ضلع اوکاڑہ میں 1235 پرائمری، 261 مڈل اور 175 ہائی ہیں، کل سکولز 1671 ہیں- کوئی سکول بند نہ ہے تمام سکولز چل رہے ہیں-

(ب) تمام سکول چل رہے ہیں-

(ج) جواب جزو (ب) کی روشنی میں مزید وضاحت کی ضرورت نہ ہے-

(تاریخ وصولی جواب 14 جولائی 2012)

ضلع قصور۔ محکمہ تعلیم میں بھرتی و دیگر تفصیلات

*6139: محترمہ شگفتہ شیخ: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع قصور میں سال 2008 اور 2009 میں کتنے ملازمین اور اساتذہ بھرتی کئے گئے اور کس کس گریڈ میں؟

(ب) ضلع قصور میں کتنے سرکاری سکول بغیر عمارات چل رہے ہیں اور کہاں کہاں؟

(تاریخ وصولی 8 مارچ 2010 تاریخ ترسیل 11 اگست 2010)

جواب

وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) ضلع قصور میں سال 2008 اور 2009 میں کلرک اور درجہ چہارم کا کوئی ملازم بھرتی نہیں کیا گیا جبکہ اساتذہ کی درج ذیل بھرتی عمل میں لائی گئی ہے۔

SSE گریڈ 16 میں 104 بھرتی کئے گئے۔

SESE گریڈ 14 میں 306 بھرتی کئے گئے۔

ESE گریڈ 09 میں 588 بھرتی کئے گئے۔

(ب) ضلع قصور میں 29 گرلز پرائمری سکولز اور 17 بوائز پرائمری سکولز بغیر عمارت چل رہے ہیں۔لسٹ ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 3 دسمبر 2011)

لاہور

17 جولائی 2012

مقصود احمد ملک

سیکرٹری

بروز جمعرات 19 جولائی 2012 محکمہ سکولز ایجوکیشن کے سوالات و جوابات اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | محترمہ راحیلہ خادم حسین | 2234 -2062 |
| 2 | جناب محمد نوید انجم | 4100 -3866 |
| 3 | جناب شیر علی خان | 3969 -3968 |
| 4 | محترمہ نگہت ناصر شیخ | 4793 -4780 |
| 5 | چودھری عامر سلطان چیمہ | 5562 -4900 |
| 6 | انجینئر قمرالاسلام راجہ | 5239 -5106 |
| 7 | محترمہ ثمینہ نوید | 5483 -5192 |
| 8 | جناب محمد حفیظ اختر چودھری | 5204 -5201 |
| 9 | میاں شفیع محمد | 5260 -5258 |
| 10 | محترمہ سیمل کامران | 6000 -5519 |
| 11 | جناب محمد شفیق خان | 5557 |
| 12 | شیخ علاؤالدین | 5574 |
| 13 | سردار عاطف حسین مزاری | 5718 |
| 14 | محترمہ سکینہ شاہین خان | 5747 |
| 15 | جناب محمد عباس چودھری | 5768 |
| 16 | محترمہ ساجدہ میر | 5824 |
| 17 | خواجہ محمد اسلام | 5890 -5886 |

| | | |
|---|---|---|
| 5923 -5922 | چودھری طاہر محمود ہندلی ایڈووکیٹ | 18 |
| 5994 | جناب ذوالفقار علی | 19 |
| 6043 -6042 | جناب وسیم قادر | 20 |
| 6051 | محترمہ خدیجہ عمر | 21 |
| 6139 | محترمہ شگفتہ شیخ | 22 |